# 19-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مالی سال 27-2026 کیلئے ریاستی بجٹ کل پیش کیا جائے گا۔ اس سے قبل بجٹ کی منظوری کیلئے کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریدی نے کہا کہ ریاست کے کسانوں کو بادشاہ بنانا ہی حکومت کا مقصد۔ ریاست کی ترقی کسانوں کی ترقی میں ہی مضمر ہے۔

۳۔ قومی شاہراہوں پر ٹول قوانین کے نفاذ کیلئے مرکزی حکومت نے نیشنل ہائی ویز پرٹولی ٹکس ایکٹ میں ترمیم کی ہے۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ دو دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی درجہ کی بارش کا امکان ہے۔

Revanth Reddy Ugadi Celebration

حیدرآباد کے رویندرا بھارتی میں حکومت کی جانب سے اگادی تہوار کی تقریب منعقد کی گئی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے شمع روشن کرتے ہوئے اس تقریب کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کے کسانوں کو بادشاہ بنانا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ قرض معافی کے ذریعہ کسانوں کو راحت فراہم کی گئی ہے۔ رعیّتو بھروسہ کے تحت 18 ہزار کروڑ روپے فراہم کئے گئے ہیں۔ اس مہینہ کی 22 تاریخ سے پھر ایک بار رعیّتو بھروسہ فنڈ جاری کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے اس نئے سال کو کسانوں کے سال کے طور پر اعلان کیا۔

Byte Revanth Reddy

اس تقریب کے موقع پر پنڈت باچم پلی سنتوش کمار نے پنچنگا شروانم کو سنایا۔ اس تقریب میں نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، ریاستی وزراء پی سرینواس ریڈی، جو پلی کرشنا راؤ، کونڈا سریکھا، پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے شرکت کی۔

Budget Session

مالی سال 27-2026 کیلئے ریاستی بجٹ کل پیش کیا جائے گا۔ اس سے قبل بجٹ کی منظوری کے لیے کابینہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔ اسمبلی میں نائب وزیر اعلیٰ اور وزیر خزانہ بھٹی وکرمارکا بجٹ پیش کریں گے، جبکہ قانون ساز کونسل میں ڈی۔ سریدھر بابو بجٹ پیش کریں گے۔ اس سلسلہ میں حکومت کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے احکامات جاری کئے ہیں جبکہ حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں اس ماہ کی 25 تاریخ سے 30 تاریخ تک ارکان اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے ارکان کیلئے کھیلوں کے مقابلے منعقد کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ اور وزراء بھی ان مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ یہ مقابلے روزانہ تین گھنٹے تک جاری رہیں گے۔

Toll Regulations

قومی شاہراہوں پر ٹول قوانین کے نفاذ کے لئے ڈیجیٹل نگرانی کو 2026 تک مضبوط بنانے کے مقصد سے حکومت نے نیشنل ہائی ویز ٹیکس ایکٹ میں ترمیم کی ہے۔ مرکزی وزارتِ سڑک و شاہراہ نے بتایا کہ ٹول فیس کی وصولی کے لئے ایک منظّم نظام قائم کیا گیا ہے۔ نئے قوانین کے مطابق، ٹول فیس ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان کو الیکٹرانک طریقہ سے نوٹس جاری کئے جائیں گے۔ ان نوٹس میں گاڑی کے سفر کی تاریخ، قابل ادائیگی فیس اور دیگر متعلقہ تفصیلات درج ہوں گی۔

## Kavitha

دہلی ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو ہدایت دی ہے کہ 'تلنگانہ پرجا جاگرتی' کے نام سے کے کویتا کی جانب سے قائم کی جانے والی سیاسی پارٹی کے سلسلہ میں ضروری کارروائی کی جائے۔ یہ ہدایت عوامی نمائندگی ایکٹ 1951 کی دفعہ 29A کے تحت دی گئی ہے۔عدالت نے آج کویتا کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے حکم دیا کہ ان کی درخواست کا جلد از جلد جائزہ لیا جائے۔

## Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ ریاستی اسمبلی میں 'وندے ماترم' گیت کی پیشکش کے پروگرام کا ایم آئی ایم ارکان کی جانب سے بائیکاٹ کرنا آئین کی توہین کے مترادف ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں بات کرتے ہوئے کہا کہ صرف ووٹ بینک کی سیاست کے لئے ریاست کی کانگریس حکومت اس معاملہ پر خاموشی اختیار کی ہوئی ہے۔مرکزی وزیر نے مزید کہا کہ قومی گیت کی اسمبلی میں بے حرمتی کے باوجود اسپیکر اور وزیر اعلیٰ کی جانب سے کوئی ردعمل نہ آنا افسوسناک ہے۔

## Weather Update

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آئندہ دو دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی درجہ کی بارش کا امکان ہے۔ حکام کے مطابق ریاست کے تقریباً 24 اضلاع میں بارش کے ساتھ ساتھ 30 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ بارش کے باعث دن کے درجہ حرارت میں 3 سے 4 ڈگری تک کمی واقع ہونے کا امکان ہے۔

Bhadradri – Ganja Seizure

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے جولوروپاڑوعلاقے میں پولیس نے تقریباً105 کلوگرام گانجہ ضبط کیا ہے۔کوتہ گوڑم کے ڈی ایس پی آدی نارائنا کے مطابق اس کی مالیت تقریباً52لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ یہ گانجہ آندھرا پردیش کے ڈونکارائی سے مہاراشٹر کے شیرڈی منتقل کیا جارہا تھا جسے راستہ میں پکڑلیا گیا۔اس معاملے میں تین افراد کو گرفتار کیا گیا ہے اور دو کاروں کو بھی ضبط کرلیا گیا ہے۔

Warangal Gas

ورنگل ضلع کے محکمہ سیول سپلائز کے حکام نے کہا کہ گھریلو گیس سلنڈروں کو دیگر مقاصد کیلئے استعمال کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے۔ورنگل اور ہنمکنڈہ میں اب تک محکمہ کی جانب سے کیے گئے چھاپوں میں 100 سے زائد سلنڈرس ضبط کیے جاچکے ہیں جو غیر قانونی طور پر استعمال ہورہے تھے۔

Plastic Usage

ریاستی آلودگی کنٹرول بورڈ کے ماحولیاتی اسسٹنٹ انجینئر سی ایچ وریش نے کہا ہے کہ پلاسٹک کے استعمال سے ماحول کو نقصان پہنچتا ہے اس لئے ایک بار استعمال ہونے والی پلاسٹک اشیاء کو ترک کرنا چاہیے۔انہوں نے آج منچریال میں منعقدہ ایک آگاہی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے مشورہ دیا کہ روزمرہ زندگی میں ایک بار استعمال کے بعد پھینک دی جانے والی پلاسٹک اشیاء کے متبادل طریقوں کو اپنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ماحولیات کا تحفظ ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔

LPG Gas

راجنا سرسلہ ضلع میں ایل پی جی گیس کی فراہمی کی نگرانی کے لئے ایک کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ ضلع کے محکمہ سیول سپلائز کے افسر بوچی بابو نے بتایا کہ کنٹرول روم میں صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک عملہ دستیاب رہے گا۔

Ramdan

عیدالفطر خلیجی ممالک سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین، قطر، کویت، عمان اور دیگر عرب ممالک میں کل منائی جائے گی جبکہ ریاست میں کل جمعتہ الوداع منایا جائے گا۔ جمعتہ الوداع کے پیش نظر ریاستی چیف سکریٹری نے اختیاری تعطیل کے احکامات جاری کئے ہیں۔ جمعتہ الوداع کے موقع پر ریاستی وقف بورڈ کے سی ای او کی اپیل پر حکومت نے یہ فیصلہ لیا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے احکامات میں یہ بات بتائی گئی۔

Kisan Samman - Rajana Sirsila

راجنا سرسلہ ضلع کے چندورتی منڈل نرسنگاپور سے تعلق رکھنے والے ایک کسان پیروکا گنگاراجو نے کہا کہ پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم زرعی کھاد اور بیجوں کی خریداری کیلئے فائدہ مند ثابت ہورہی ہے۔ اِس موقع پر انہوں نے آکاش وانی سے بات کی۔ Sound Byte

CS Extension

ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ کے عہدہ کی میعاد کو مرکزی حکومت نے مزید تین ماہ کی توسیع کی ہے۔ اب تک ان کی میعاد میں دو بار توسیع کی گئی ہے۔ ریاستی چیف سکریٹری کی میعاد اس مہینہ کی 31 تاریخ کو ختم ہورہی تھی۔ مرکزی حکومت کے تازہ فیصلہ میں جون آخر تک راما کرشنا راؤ اپنے عہدہ پر برقرار رہیں گے۔

## Congress Committee

ریاست میں 13 اضلاع کیلئے کانگریس پارٹی کے کمیٹیوں کا اعلان کیا گیا۔ نظام آباد، جگتیال، ناگر کرنول، ونپرتی، کاماریڈی، میدک، پداپلی، عادل آباد، نرمل، منچریال، آصف آباد، کھمم، یادادری اضلاع کے کمیٹیوں کا پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے اعلان کیا۔

## Gaddar Awards

حیدرآباد کے مادھاپور میں واقع ہائی ٹیکس میں غدر فلم ایوارڈس کی تقریب جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اس تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کر رہے ہیں۔ آخری اطلاعات موصول ہونے تک اس موقع پر ثقافتی پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں۔